ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (129)

23.02.2023

**بہاولپور () ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کا پرانے ملزمان کی گرفتاریوں اور قانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کو ٹاسک۔ڈی پی او سید محمد عباس نے سختی سے تمام تھانہ جات کو حکم دیا کہ وہ اپنا ٹارگٹ پورا کریں، میں خود روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کروں گا۔عوام کو معیاری انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے،ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور کے تمام تھانوں کو پرانے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دے دیا۔ڈی پی او نے کہا آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر تفتیشی افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل و حرکت کا تعین کریں ۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے موثر سنیپ چیکنگ کی ہدایات جاری کیں ۔انہوں نے کہا کہ ناجائز اسلحہ،منشیات کی اسمگلنگ ،قمار بازی ،قحبہ خانہ جیسے معاشرتی جرائم کو روکنے کیلئے اپنے اپنے سرکل میں چیکنگ کے سلسلے کو موثر بنائیں ۔ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد اور شرپسند عناصر ایک شہر سے دوسرے شہر جرم کی نیت سے جاتے ہیں یا پھر مختلف مقدمات میں مطلوب افراد اپنے آپ کو چھپانے کیلئے ہوٹلز، سرائے یا مکان کرائے پر لیکر پناہ اختیار کرتے ہیں ۔ایسے تمام اشخاص جو کرایہ پر رہتے ہیں ان کا کرایہ نامہ اپنے اپنے سرکل میں چیک کریں ۔ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا میں روزانہ کی بنیاد پر تمام ضلع کے تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اور جن کی پرفارمنس میں کمی ہوئی ان کو اس کا جواب دینا پڑے گا اور اچھی پرفارمنس والے افسران کو سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے ۔کمیونٹی پولیسنگ کے ساتھ ساتھ جرائم پر قابو پانا اور ملوث ملزمان کو گرفتار کرنا ہماری ہراول ڈیوٹی ہے۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والے افراد کو آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کے افسران کو جاری ہدایات میں کیا۔

ترجمان بہاول پور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(128)

23-02-2023

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،14 ملزمان گرفتار،3 کلو سے زائد چرس، 260 لیٹر دیسی شراب،02 عدد پسٹل 30 بور اور جوا کے متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ"اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کر لی۔تھانہ سٹی حاصلپور،ڈیرہ نواب صاحب،خیر پور ٹامیوالی اور بغدادالجدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 260 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ بغدادالجدید اور سول لائنز پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 03 کلو 580 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ صدر حاصلپور اور صدر احمد پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ صدر حاصلپور پولیس نے قمار بازی کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،مختلف مقدمات میں 14 ملزمان گرفتار**